رہبر معظم کی ادارہ اوقاف اور خیریہ امور کے اہلکاروں سے ملاقات - 17 /Feb/ 2009

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے ادارہ اوقاف اور خیریہ امور کے سربراہ اور حکام سے ملاقات میں وقف کو مبارک قدم اور بہت ہی اچھا ونیک عمل قراردیا اور توحیدی ادیان اور اسلام میں وقف کی اچھی سنت کے وجود کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: وقف کو معاشرے میں زیادہ سے زیادہ فروغ دینا اور ترویج کرناچاہیے۔

رہبر معظم نے ملک میں گوناگوں ،متنوع اور متعدد موقوفات کی طرف اشارہ کیا اور واقف کی نیت کے مطابق شائستہ عمل کو وقف کو فروغ دینے میں مؤثر قدم قراردیتے ہوئے فرمایا: ادارہ اوقاف کے حکام اور اوقاف کے متولیوں کے اچھے اقدامات اور اعمال وقف کو معاشرے میں فروغ دینے کا موجب بنیں گے۔

رہبر معظم نے شاہی طاغوتی حکومت کے دور میں اوقاف کے حکام اور موقوفات کے متولیوں کی بد عنوانیوں اور انحرافات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: اسلامی نظام کے بنیادی اقدامات میں واقفین کی نیک نیت کو احیا کرنا شامل ہےاور یہ عظیم خدمت ادارہ اوقاف اور خیریہ امور کے حکام کے دوش پر عائد ہوتی ہے جو خداوند متعال کی رضایت اور عوام کی خوشنودی کا موجب بنے گی ۔